
فہرستِ مشمولات

آثارِ علامہ اقبالؒ



فہرستِ مشمولات

آثارِ علّامہ اقبالؒ

ڈاکٹر احمد نبی خاں

سُپرنٹنڈنٹ آثارِ قدیمہ

مسعُود الحسن کھوکھر

نگران علّامہ اقبال میوزیم، لاہور

مُترجِم

مُحمّد عبدُ اللہ قریشی

محکمۂ آثارِ قدیمہ و عجائب گھر

وزارتِ ثقافت و سیاحت

حکومتِ پاکستان

فہرست مشمولات
باقیاتِ علامہ اقبال

محکمہ آثار قدیمہ و عجائب گھر حکومت پاکستان
پہلی اشاعت ۱۹۸۳ء

لوح بھی تو قلم بھی تو تیرا وجود الکتاب

گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب!

عالمِ آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ

ذرّۂ ریگ کو دیا تو نے طلوعِ آفتاب!

شوکتِ سنجر و سلیم؛ تیرے جلال کی نمود!

فقرِ جنید و بایزید؛ تیرا جمال بے نقاب!

شوق ترا اگر نہ ہو میری نماز کا امام

میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب!


تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پا گئے

عقل غیاب و جستجو؛ عشق حضور و اضطراب!

محمد اقبال



علامہ اقبال میوزیم جاوید منزل لاہور



جاوید منزل ، علامہ اقبال کی خواب گاہ

مندرجات

مُخفّفات

ن س	نمبر سلسلہ
ع ا م	علامہ اقبال میوزیم
ف م	فہرست مشمولات
ن م	نیشنل میوزیم۔ کراچی

فہرستِ عکس

○

دِیباچہ

یہ وضاحتی فہرست فلسفی شاعر علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کی تحریروں، شعری مجموعوں اور ان ذاتی کوائف کے بیان پر مشتمل ہے، جو نئے نئے قائم شدہ علامہ اقبال میوزیم (سابقہ جاوید منزل) لاہور میں محفوظ کر کے نمائش کی غرض سے رکھے گئے ہیں۔ ان اشیاء کو مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت ترتیب دیا گیا ہے:

۱ــــ مسودات
۲ــــ خطوط کے مجموعے
۳ــــ دستاویزات
۴ــــ لائبریری کتب کا ذخیرہ
۵ــــ تصاویر
۶ــــ استقبالیہ خطبات
۷ــــ تعلیمی اور دیگر سرٹیفکیٹوں، ڈپلوموں اور ڈگریوں کی نقول
۸ــــ ملبوسات اور دوسرے پارچاجات
۹ــــ فرنیچر، قالین اور دیگر سامانِ آرائش
۱۰ــــ چینی اور تانبے کے برتن

۱۱۔ متفرقات

یہ مجموعہ عظیم شاعر کی شخصیت پر روشنی ڈالتا ہے۔ یہ حقائق دلچسپی لینے والے علماء کے سامنے پہلی بار اِس انداز میں لائے گئے ہیں۔ بہت سی چیزیں ابھی تک غیر مطبوعہ ہیں اور ان کا مطالعہ یقینی طور پر حضرت علامہ کی زندگی اور فکر کے نئے پہلو اجاگر کرنے میں ممد و معاون ثابت ہو گا۔

فہرست بنانے کا کام جناب مسعود نبی نور، سیکرٹری وزارت ثقافت و سیاحت حکومتِ پاکستان کی زیر ہدایت عمل میں آیا۔ آپ نے علامہ اقبال میوزیم کی اشیاء محفوظ کرنے اور ان کی نمائش کرنے میں گہری دلچسپی لی۔ میں اس کام کے سلسلے میں ان کی طرف سے دی گئی سہولتوں اور حوصلہ افزائی پر ان کا بے حد شکر گزار ہوں۔ جناب جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال نے بھی اِس سلسلے میں بہت سے مفید اور قیمتی مشورے دیئے۔ مجھے ڈپٹی سیکرٹری وزارتِ ثقافت و سیاحت جناب ایم۔ بی خالد کا بھی شکریہ ادا کرنا ہے، جن سے بے شمار نکات پر تبادلۂ خیال کر کے میں نے اقبالیات کے ضمن میں ان کے وسیع علم سے فائدہ اٹھایا۔

جاوید منزل۔ لاہور　　　　　　　　احمد نبی خاں

تمہید

علامہ اقبال، جو تصور پاکستان کے خالق ہیں، ایک کشمیری خاندان سے متعلق تھے۔ جو انیسویں صدی کے آغاز میں کشمیر سے ہجرت کرکے سیالکوٹ میں آباد ہوگیا تھا۔ اِس خاندان نے شروع میں محلہ کھٹیکاں میں قیام کیا۔ ۱۸۶۱ء میں علامہ اقبال کے دادا شیخ محمد رفیق نے سیالکوٹ کے کشمیری محلہ میں وہ مکان خریدا جو اَب اقبال منزل کہلاتا ہے۔ علامہ اقبال ۳ ذیلقعد ۱۲۹۴ھ مطابق ۹ نومبر ۱۸۷۷ء کو اِس مکان میں پیدا ہوئے تھے۔

علامہ اقبال کی تعلیم کا آغاز سیالکوٹ کی مسجد پیر حسام الدین سے ہُوا۔ وہاں انھوں نے مولوی غلام حسین سے درسِ قرآن لیا۔ بعد میں، مولوی سید میر حسن کی ہدایت کے مطابق انھوں نے اسکاچ مشن ہائی اسکول، سیالکوٹ میں داخلہ لیا۔ یہاں علامہ اقبال نے مولوی سید میر حسن (۱۸۴۴ء / ۱۹۲۹ء) سے عربی اور فارسی کی بھرپور تعلیم حاصل کی۔ علامہ نے مڈل (۱۸۹۱ء) میٹریکولیشن (۱۸۹۳ء) اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات، اسکاچ (بعد میں "مرے") کالج سیالکوٹ سے پاس کیے۔ اِس کے بعد انھوں نے گورنمنٹ کالج لاہور میں تعلیم جاری رکھی اور ۱۸۹۷ء میں بی اے

کے امتحان میں اعزاز کے ساتھ کامیاب ہوئے۔ انھوں نے وظیفہ بھی حاصل کیا۔
انگریزی اور عربی میں نمایاں لیاقت کی وجہ سے انھیں سونے کے دو تمغے بھی ملے
۱۸۹۹ء میں انھوں نے فلسفے میں ایم اے کا امتحان پاس کیا۔
تعلیم کی تکمیل کے بعد علامہ اقبال نے اورینٹل کالج لاہور میں عربی کے استاد کی حیثیت سے زندگی کا آغاز کیا۔ ۱۸۹۹ء سے ۱۹۰۳ء تک وہ اس کالج سے وابستہ رہے۔ اس کے بعد وہ گورنمنٹ کالج لاہور اور اسلامیہ کالج لاہور میں انگریزی اور فلسفے کی تعلیم دینے لگے۔ ۱۹۰۵ء میں اعلیٰ تعلیم کے لیے وہ انگلستان چلے گئے۔ انھوں نے انگلستان کی کیمبرج یونیورسٹی سے بی اے کی ڈگری لی اور ۱۹۰۷ء میں جرمنی کی میونخ یونیورسٹی نے ان کی کتاب "ایران میں مابعدالطبیعیات کا ارتقاء" پر انھیں پی ایچ ڈی کی ڈگری دی۔ ۱۹۰۸ء میں انھوں نے لنکنزان (لندن) سے بارایٹ لا کا امتحان پاس کیا۔
لاہور واپسی پر انھیں گورنمنٹ کالج لاہور میں فلسفے کا پروفیسر مقرر کیا گیا۔ ساتھ ہی وہ لاہور ہائی کورٹ میں وکالت بھی کرتے رہے۔ بعد کے سال علامہ کی زندگی میں ان کی شاعری کے لیے تخلیقی لحاظ سے بہت اہم تھے۔
علامہ کو شاعری کا ذوق تو بچپن سے تھا مگر ۱۹۰۱ء میں سر عبدالقادر نے ان کی نظم "ہمالہ" کو اپنے رسالے "مخزن" میں شائع کر کے انھیں لوگوں سے متعارف کرایا۔ ۱۹۱۵ء میں ان کی فارسی مثنوی "اسرار خودی" شائع ہوئی۔ ۱۹۲۰ء میں پروفیسر نکلسن نے اس مثنوی کو secrets of self کے نام سے انگریزی میں منتقل کیا۔ اس ترجمے کی وجہ سے یورپ علامہ اقبال سے متعارف ہوا۔ اس کے بعد ان کی متعدد شعری تخلیقات "رموز بیخودی" (۱۹۱۸) "پیام مشرق" (۱۹۲۳) "بانگِ درا" (۱۹۲۴) "زبورِ عجم" (۱۹۲۷) "جاوید نامہ" (۱۹۳۲) "بالِ جبریل" (۱۹۳۵) اور "ضربِ کلیم" (۱۹۳۶) شائع ہوئیں۔ "ارمغانِ حجاز" علامہ کے انتقال کے بعد ۱۹۳۸ء میں شائع ہوئی۔ ان عظیم فارسی اردو شعری تخلیقات کے دم سے علامہ کے نام اور ان کی شہرت کا ان کی زندگی ہی میں، پوری دنیا میں چرچا ہو گیا۔ ان کتابوں سے ہمیں ان بلندیوں کا علم ہوتا ہے۔ جہاں وہ اپنی شاعری، فلسفہ اور سیاسی تصورات کے حوالے سے پہنچے۔ مشرق

اور مغرب میں حکمت اور دانائی کی جستجو نے ان کی شاعری میں اظہار پایا ہے۔ اسلام اور اسلامی ثقافت سے محبت علامہ کے ان خیالات کا محور تھی جنھیں انھوں نے عالمِ اسلام میں عام کیا۔

اگرچہ علامہ اقبال نے اپنے خیالات و تصورات کے اظہار کے لیے شاعری کا ذریعہ اختیار کیا مگر انھوں نے انگریزی اور اردو میں نثر بھی لکھی۔ ابتدا میں انھوں نے اقتصادیات میں ایک کتاب "علم الاقتصاد" (۱۹۰۳ء) لکھی۔ اس کتاب کے بارے میں خود علامہ نے کہا تھا کہ اس موضوع پر یہ اردو میں واحد مستند کتاب ہے۔ اس کے بعد ۱۹۰۸ء میں انھوں نے "ایران میں مابعد الطبیعیات کا ارتقاء" کے موضوع پر مقالہ لکھا جس پر انھیں پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ ۱۹۳۵ء میں حیدر آباد دکن سے شائع ہوا تھا۔ "تشکیل جدید الٰہیاتِ اسلامیہ" پر ان کے چھ لکچر سب سے پہلے ۱۹۰۸ء میں لاہور سے شائع ہوئے۔ ۱۹۳۴ء میں آکسفورڈ یونیورسٹی پریس نے اسے بعض تبدیلیوں اور ترمیموں کے علاوہ ساتویں لکچر کے اضافے کے ساتھ شائع کیا۔ ۱۹۵۷ء سید نذیر نیازی نے لاہور سے اس کا اردو ترجمہ شائع کرایا۔ علامہ کی دوسری انگریزی نثری تحریر وہ ہے جسے ڈاکٹر جاوید اقبال نے "شذراتِ فکرِ اقبال" کے نام سے مرتب کیا۔

گورنمنٹ کالج لاہور میں بی اے کی جماعتوں میں داخلے کے بعد علامہ کی زندگی کا بیشتر وقت لاہور میں گزرا۔ ۱۹۰۰ء سے ۱۹۰۵ء تک وہ بھاٹی دروازہ کے اندر رہے۔ ۱۹۰۸ء میں انگلستان سے واپسی پر وہ انارکلی میں عطر چند کپور تاجرانِ کتب کی دوکان کے اوپر کی منزل میں آگئے اور ۱۹۲۲ء تک وہیں رہے۔ ۱۹۲۲ء میں وہ میکلوڈ روڈ کے ایک مکان میں اُٹھ آئے۔ اور ۱۹۳۵ء تک وہیں قیام کیا۔ ۱۹۳۴ء میں علامہ اقبال نے موضع گڑھی شاہو میں میو روڈ پر (جو اَب علامہ اقبال روڈ کہلاتی ہے) نیلام عام میں اپنے چھوٹے بیٹے جاوید اقبال کی طرف سے سات کنال کا ایک رقبہ خریدا۔ یہاں بیالیس ہزار پچیس روپے کے خرچ سے جب مکان کی تعمیر مکمل ہوئی تو علامہ اقبال مئی ۱۹۳۵ء میں میکلوڈ روڈ سے یہاں آگئے۔ انھوں نے ۲۱ مئی ۱۹۳۵ء کو اپنے بیٹے جاوید اقبال کے نام پر پچاس روپے ماہانہ کے ایک کرایہ نامے پر دستخط کیے اور اس کے مطابق مکان کے سامنے کے تین کمرے آخری دَم تک ان کے زیر استعمال رہے۔ یہیں علامہ

کی بیوی سردار بیگم نے، جو جاوید اقبال کی والدہ تھیں، ۲۴ مئی ۱۹۳۵ء کو انتقال کیا۔ علامہ اقبال نے اپنی زندگی کے آخری تین سال یہیں بسر کیے اور اسی مکان کے ایک کمرے میں ۲۱ اپریل ۱۹۳۸ء کو وفات پائی۔

اقبال نے عملی سیاست میں کم ہی حصہ لیا مگر وہ ہندوستان میں اسلام کے مخدوش مستقبل سے پوری طرح باخبر تھے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ مسلمانوں کی راہنمائی کرنے والا کوئی نہیں۔ ہندوستان میں اسلام کو سخت خطرہ تھا چنانچہ مسلمانوں کے حقوق کے تحفظ اور دین اسلام کے وجود کی ضمانت کی خاطر انھوں نے ۱۹۲۶ء میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں حصہ لیا اور کامیاب رہے۔ علامہ ۱۹۲۷ء سے ۱۹۳۰ء تک اسمبلی کے رکن رہے۔ ۱۹۳۰ء میں انھیں الٰہ آباد میں آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کا صدر چنا گیا۔ یہ اجلاس دوازدہ بلڈنگ میں منعقد ہوا جہاں علامہ اقبال نے وہ مشہور خطبہ ارشاد فرمایا جس میں مسلمانانِ ہند کے لیے ایک الگ مملکت (پاکستان) کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ علامہ نے دوسری اور تیسری گول میز کانفرنس میں بھی شرکت کی۔

اس دوران میں علامہ نے نہ صرف ایک شاعر اور مفکر کی حیثیت سے، بلکہ مسلمانوں کے ایک عظیم سیاسی رہنما کی حیثیت سے بھی ایک اعلیٰ مقام حاصل کر لیا تھا۔ قائداعظم کے ساتھ علامہ کے گہرے مراسم تھے۔ جب علامہ اقبال جاوید منزل میں مقیم تھے تو ۱۹۳۶ء میں قائداعظم اور محترمہ فاطمہ جناح یہیں ان سے ملنے آئے۔ اس طرح ہندوؤں کے رہنما پنڈت جواہر لال نہرو بھی علامہ کا بہت احترام کرتے تھے۔ وہ بھی جاوید منزل میں علامہ اقبال سے ملنے آئے تھے۔

اس عمارت کی اہمیت کے پیشِ نظر حکومتِ پاکستان کی طرف سے مقرر کی جانے والی علامہ اقبال کے صد سالہ جشنِ ولادت کی نیشنل کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ اس عمارت کو ایک تاریخی میوزیم میں بدل دیا جائے جہاں شاعر و حکیمِ مشرق کی یادگاروں کو محفوظ رکھا جائے اور جن تک لوگوں کو رسائی حاصل ہو۔

اس عظیم انسان کے قابل صاحبزادے ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال نے قومی مفاد کے پیش نظر یہ تجویز فراخ دلی سے منظور کر لی اور علامہ اقبال سے متعلق وہ تمام اشیاء قوم کے حوالے کر دیں جن میں سے بیشتر سے لوگ یکسر ناآشنا تھے۔ ان ذخائر میں علامہ اقبال کی اصلی سندات اور ڈگریاں، کتابیں

جو ان کے زیرِ مطالعہ رہیں ، ان کی زیرِ استعمال اشیاء جیسے فرنیچر اور دیگر آرائشی چیزیں ، نیز وہ لباس جو انھوں نے پہنے اور وہ برتن جن میں انھوں نے کھانا کھایا ، اور دیگر بہت سی اشیائ محفوظ ہیں ۔ سب پر مستزاد یہ کہ ان ذخائر میں ان کی شاعری اور خطوط اور دیگر تحریروں کے خود علامہ کے خط میں لکھے ہوئے ابتدائی مسودات بھی موجود ہیں ۔

یہ تمام یادگاریں علامہ اقبال میوزیم ، جاوید منزل ، میں محفوظ انداز میں نمائش کے لیے رکھ دی گئیں اور ۲، دسمبر ،۷۷ ۱۹ ء کو اس میوزیم کا افتتاح عمل میں آیا ۔ ان تمام اشیاء کی ایک فہرست " آثار علامہ اقبال " میں بطورِ خاص اقبالیات پر کام کرنے والے دانشوروں کے لیے اور عمومی حیثیت سے عام لوگوں کے لیے ، درج کر دی گئی ہے ۔ زیرِ نظر کتاب RELICS OF ALLAMA IQBAL کا اردو ترجمہ ہے جو محمد عبداللہ قریشی نے نہایت جاں فشانی سے کیا ۔ کتابت کا کام سید نفیس رقم کے زیرِ نگرانی انجام پایا ۔ طباعت کے دوران محکمہ آثارِ قدیمہ کے جناب افضال احمد صاحب جناب منصور علی خان اور محمد طارق صاحب نے ہم سے بھرپور تعاون کیا ۔ میں ان سب کا تہ دل سے ممنون ہوں ۔

مسعود الحسن کھوکھر
نگران
علامہ اقبال میوزیم ،
لاہور

علامہ اقبال میوزیم ، لاہور

فہرستِ مشمولات

آثارِ علامہ اقبال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پہلا باب

مُسَوَّدات

ا ــ (۱) **بالِ جبریل :**

مسودے کے سرورق سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس کتاب کا نام پہلے نشانِ منزل رکھا گیا۔ بعد میں شاعر نے خود ہی اسے بدل کر موجودہ نام رکھا۔ گہرے بادامی رنگ کی جلد ہے۔

صفحات : ۱۵۶ سائز ۸½ × ۷ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۰ء

ا ــ (۲) **مثنوی اسرارِ خودی :**

پہلے شاعر نے اس کتاب کا نام مثنوی پیامِ سروش رکھا۔ لیکن بعد میں بدل دیا۔ اس میں مثنوی کے صاف کیے ہوئے مسوّدے کا ایک حصّہ اور رموزِ بے خودی کا پہلا مسودہ شامل ہے۔ شاعر نے اپنے قلم سے مسوّدے میں بہت سی اصلاحات، اضافے اور تبدیلیاں کی ہیں۔ درمیان میں کچھ صفحات کورے ہیں۔

صفحات : ۵۹ سائز ۶¾ × ۴½ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۱ء

ا۔ (۳) جاوید نامہ :
غالباً یہ کتاب کا پہلا مسودہ ہے، کیونکہ کئی جگہ شاعر نے اپنے ہاتھ سے تصحیح اور اضافے کیے ہیں
سیاہ جلد والا رجسٹر۔
صفحات : ۴۶ + ۹۳ کورے صفحے ۔ سائز ۱۳ × ۸ انچ
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۲ء

ا۔ (۴) ارمغان حجاز :
اس مسودے میں متعدد جگہوں پر شاعر نے اپنے ہاتھ سے درستی، تبدیلیاں اور اضافے کیے ہیں۔ بہت سی نظموں کو تو بالآخر بوقتِ طباعت حذف کر دیا گیا ہے۔ گہرے بادامی رنگ کا مجلّد رجسٹر۔
صفحات : ۳۴ سائز ۱۳ × $8\frac{1}{4}$ انچ
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۳ء

ا۔ (۵) بالِ جبریل :
یہ کتاب کے نقشِ ثانی کا ایک حصہ ہے، جو شپرہ اور خچر نظم سے شروع ہوتا ہے۔ گہرے بادامی رنگ کے رجسٹر میں مجلّد۔
صفحات : ۱۴ سائز $8\frac{1}{4}$ انچ
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۴ء

ا۔ (۶) نوٹ بک :
اس میں متفرق نظمیں اور یادداشتیں ہیں، جو بیشتر انگریزی میں ہیں اور زیادہ تر پنسل سے لکھی گئی ہیں۔ جلد کاغذی ہے۔
صفحات : ۲۵ سائز ۶.۲ × ۴ انچ
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۵ء

ا-(۷) **متفرق تاثرات :**

اس نوٹ بک میں کچھ یادداشتیں ہیں، جو انگریزی میں لکھی گئی ہیں۔ نیچے شاعر کے دستخط موجود ہیں۔ محمد اقبال ۲۷۔ اپریل ۱۹۱۰ء سیاہ جلد ہے۔ نوٹ بک کسی حد تک خستہ حال ہے۔

صفحات : ۱۴ سائز/ ۶ ۳/۴ × ۴ ۱/۲ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۶ء

ا-(۸) **نظموں کا مجموعہ :**

اس میں دوسری نظموں کے علاوہ مشہور طویل نظمیں شکوہ جواب شکوہ اور شمع و شاعر شامل ہیں۔ نیلے رنگ کی نرم جلد والی کاپی بک۔

صفحات : ۲۰ + ۲۶ (کورے کاغذ) سائز ۷ ۳/۴ × ۶ ۱/۴ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۷ء

ا (۹) **اسرار خودی :**

شاعر کی اپنی لکھائی میں یہ کتاب کا صاف شدہ مسوّدہ ہے۔

صفحات : ۴۲ + ۴۰ (کورے) سائز ۷ ۳/۴ × ۴ ۱/۲ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۸ء

ا-(۱۰) **ضربِ کلیم**

اقبال کی اپنی لکھائی میں کتاب کا پہلا مسوّدہ ہے۔ گہرے بادامی کاغذ کے رجسٹر میں کتاب کا صرف ایک حصہ ہے۔

صفحات : ۱۴ + ۱۱ کورے سائز ۱۳ × ۸ ۱/۴ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۰۹ء


ست ۲

ارمغانِ حجاز کا ایک صفحہ

ف م ۱ (۴)



عکس : ۳



پیامِ مشرق کا ایک صفحہ
ف م ا (۱۴)

ا ــ (۱۱) اسرارِ خودی :

اقبال کے اپنے قلم سے کتاب کا پہلا مسوّدہ ہے ۔ آغاز میں پنسل سے کچھ اشارات لکھے ہوئے ہیں ۔ نوٹ بک مجلّد ہے ۔

صفحات : ۳۴ سائز $\frac{۳}{۴}$۷ × $\frac{۱}{۴}$۶ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۰ء

ا ــ (۱۲) رموزِ بے خودی :

اقبال کی اپنی لکھائی میں کتاب کا صاف شدہ مسوّدہ مطبع میں بھجوانے کے لیے تیار کیا گیا ۔ (پہلا ایڈیشن) سیاہ نرم گتے کی جلد ہے ۔

صفحات : ۳۶ سائز $\frac{۳}{۴}$۷ × $\frac{۱}{۴}$۶ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۱ء

ا ــ (۱۳) مثنوی پس چہ باید کرد اے اقوامِ شرق :

یہ مسودہ نقل تو کسی اور نے کیا ہے ۔ لیکن کتابت کے لیے بھجوانے کی غرض سے مصنف نے درستی خود کی ہے ۔ سرورق پر کتاب کا عنوان اور مصنف کا نام درج ہے ۔ حق طبع ۱۹۳۶ء غیر مجلّد رجسٹر میں کاغذ رکھے گئے ہیں ۔

صفحات : ۳۹ سائز ۱۳ × $\frac{۱}{۲}$۷ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۲ء

ا ــ (۱۴) پیامِ مشرق :

یہ کتاب کا پہلا مسوّدہ ہے ۔ کیونکہ متعدد جگہوں پر درستی ، تبدیلی اور اضافے کیے گئے ہیں ۔ رجسٹر کی جلد نیلی ہے ۔

صفحات : ۸۴ + بہت سے کورے کاغذ سائز $\frac{۳}{۴}$۱۲ × ۸ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۳ء

ا۔ (۱۵) متفرق نظمیں :

علامہ کے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی اردو اور فارسی نظمیں، جو بعد میں علامہ کی مستقل تصانیف میں شامل ہوئیں۔ جیسے بانگِ درا بیشتر نظموں کے نیچے تاریخیں درج ہیں۔ نوٹ بک سبز رنگ کی ہے اور خستہ حالت میں ہے۔

صفحات : ۳۲ سائز $6\frac{1}{4}$ × ۴ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۴ء

ا۔ (۱۶) اسرارِ خودی :

کسی کاتب کا لکھا ہوا مسوّدہ، لیکن شاعر نے جابجا درستی اور تبدیلی کی ہے۔ یہ نوٹ بک نیلے رنگ کی سخت جلد میں بندھی ہے۔

صفحات : ۵۹ سائز ۷ × ۵ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۵ء

ا۔ (۱۷) ضربِ کلیم :

طباعت کے لیے بالکل تیار مسوّدہ، جس میں بہت سے مقامات پر شاعر نے خود اصلاح کی ہے۔ ایک سرورق میں کھلے کاغذ۔

صفحات : ۲۰۲ سائز $14\frac{1}{2}$ × $9\frac{1}{2}$ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۶ء

ا۔ (۱۸) پیغام :

اردو میں ایک نظم۔ سبز نوٹ بک۔

صفحات : ۲ سائز $6\frac{1}{4}$ × ۴ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۷ء

ا ــ (۱۹) بالِ جبریل :

مسودے میں دو صفحے شامل ہیں، جن کا مواد ۲۱۵ سے ۲۲۲ صفحے تک چھپا ہے۔ غیر مجلّد رجسٹر

صفحات : ۲ + ۱۹ کورے۔

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۸ء

ا ــ (۲۰) بانگِ درا :

ایک نوٹ بک، جس میں بیشتر نظمیں شاعر کی اپنی لکھائی میں پنسل سے ہیں۔ ڈھیلے ڈھالے انداز میں چمڑے میں لپٹی نوٹ بک کے فلیپ میں ایک چھوٹی سی پنسل ہے اور تاریخ بھی لکھی ہے۔ ۷. اگست ۱۹۰۷ء میونخ۔

صفحات : ۶۳ سائز $6\frac{1}{4}$ × ۴ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۱۹ء

ا ــ (۲۱) جاوید نامہ :

مصنف کے اپنے ہاتھ سے کاتب کے لیے صاف کیا ہوا مسوّدہ تین فل سکیپ گہرے بادامی رجسٹر۔ (غیر مجلّد اور کمزور)


صفحات ۱۷ + ۲۵ + ۲۰ + ۵ کورے کاغذ سائز ۱۳ × $8\frac{1}{4}$ اِنچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱-۳/۲۲۰/ ۱۹۷۷ء

ا ــ (۲۲) مثنوی مسافر :

یہ مسوّدہ کاتب کے لیے شاعر کی طرف سے بالکل تیار حالت میں ہے۔ گہرے بادامی


عکس : ۴



علامہ کے ذاتی نوٹس و مطالعات

ف م ۱ (۲۶)

عکس : ۵



علامہ اقبال کا خط کاتب کے نام
ف م ۵ (۹۴)

کاغذ کے کھلے تختے ہیں۔ ۱۷، اپریل ۱۹۳۴ء

صفحات : ۱۳ سائز ۸½ × ۶½ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۱ء

ا۔ (۲۳) متفرق اردو نظمیں :

ترانہ اور نالۂ یتیم وغیرہ پر مشتمل خطِ نستعلیق میں ایک نامکمل مسوّدہ۔

صفحات : ۹ + ۳۵ سائز ۱۰ × ۶½ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۲ء

ا۔ (۲۴) دی مسلم کمیونٹی :

ایک ٹائپ شدہ مضمون زیرِ عنوان اُمّتِ مسلمہ ایک معاشرتی مطالعہ۔ اس کے ساتھ علامہ کے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا ایک نوٹ بھی ہے۔ ۲۱۔ اکتوبر ۱۹۳۵ء

صفحات : ۲۱۔ سائز ۱۳ × ۸¼ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۳ء

ا۔ (۲۵) بیدل : ایک مضمون۔

اس مضمون کا عنوان بیدل برگسان کے تناظر میں ہے۔ علامہ کے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے

صفحات ۲۰۔

سائز ۱۰ × ۶¼ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۴ء

ا۔ (۲۶) نوٹس : (ذاتی تجربہ اور مطالعہ)

چند مذہبی اور معاشرتی موضوعات پر علامہ کی اپنی لکھائی میں کچھ ذاتی تاثرات اور کچھ مطالعاتی

حوالے۔ ایک صفحہ۔

سائز ½۱۲ × ½۷ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۵ء

ا۔ (۲۷) نوٹس :

شرح کتاب اسرار الوحی سے کچھ اشارات۔

صفحات : ۶ سائز ۷ × ½۴ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۶ء

ا۔ (۲۸) فارسی نظمیں :

متفرق فارسی نظموں کا مجموعہ اور علاّمہ کے اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے کچھ اشارات۔

صفحات : ۸ سائز ۱۰ × ¼۶ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۷ء

ا۔ (۲۹) رسالہ : (مجموعہ غایۃ الامکان فی درایۃ المکان)

کسی کے ہاتھوں کا بنا ہوا مسوّدہ۔ اقبال کی تحریر صفحہ ۵ پر پڑھی جا سکتی ہے۔

"رسالہ عراقی درحقیقت زمان و مکان کہ از رسالہ مولوی سید انور شاہ مرحوم نقل کردہ شد۔ افسوس کہ دو ورق اول دستیاب نہ شد۔ محمدؐ اقبال۔ لاہور ۲۱، اکتوبر ۱۹۳۵ء"

صفحات : ۴۵ سائز ¼۸ × ½۶ انچ

نمبر ع ام ۱۹۷۷/۲۲۸ء

ا۔ (۳۰) صوفی ازم۔ نوٹس

"اسلام میں تصوّف" کے موضوع پر ایک نامکمل کتاب کا خاکہ جو علاّمہ اقبال لکھنا چاہتے

تھے۔ مسودے میں متفرق شذرات اور کتاب کے دو باب شامل ہیں۔

صفحات : ۲۷ سائز ۱۳ x ۸ۓ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۲۹ء

ا ــ (۳۱) ایک فہرست :

محمد شفیع کے دستخط کے ساتھ انہی کی تیار کی ہوئی اقبال کی کتابوں اور مسودوں کی فہرست

ایک ورق سائز ۱۳½ x ۸½ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۰ء

ا ــ (۳۲) اقتباسات :

ابن الاثیر کی کتاب تاریخ الکامل جلد ۸ کے صفحات ۹ ــ ۱۰ سے اقتباس اور اس کا اردو ترجمہ جو ڈاکٹر اقبال نے ہی کیا۔

ایک بڑا سائز ۲۱ x ۵½ انچ کا ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۱ء

ا ــ (۳۳) ماخوذات :

اقبال کی اپنی لکھائی میں پنسل سے لکھے ہوئے مشکوۃ المصابیح سے اقتباسات۔

صفحات : ۲ سائز ۱۱¼ x ۹ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۲ء

ا ــ (۳۴) نوٹس :

انگریزی میں لکھے ہوئے دو صفحات کے نوٹس کی عکسی نقل۔ عنوان ہے "فن ایک مقدس جھوٹ ہے"

سائز ۶½ × ۴½ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۳ء

ا۔(۳۵) **فارسی نظم :**

اقبال کے اپنے ہاتھ سے اپنے لیٹرپیڈ پر لکھی ہوئی فارسی نظم "پیغامِ شہید (سلطان ٹیپو شہید)"

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۴ء

ا۔(۳۶) **فارسی نظم :**

"محمد علی" کے زیرِ عنوان اقبال کے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی فارسی نظم

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۵ء

ا۔(۳۷) **ایک مضمون :**

"مسلم فلسفے میں مسئلہ زمان" علامہ کے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا نامکمل مضمون۔

صفحات : ۲ سائز ۹½ × ۶½ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۶ء


ا۔(۳۸) **فارسی نظمیں :**

علامہ کی منتخب فارسی نظموں کے جرمن تراجم۔ مترجم ہینز مینک۔


صفحات : ۸ سائز ۸½ × ۱۰½ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۲۳۷ء

عکس: ۶



عکس: ۷



پیام مشرق
ف م ا (۱۴)

عکس : ٨

Bedil in the Light
of Bergson.

Mirza Abdul Qadir Bedil of Akbarabad is a speculative mind of the highest order — perhaps the greatest poet-thinker that India has produced since the days of Shankara. Shankara's, ~~subtle logic dissects our concrete sense-experience~~ is ~~[illegible]~~ an acute logician. Bedil also ruthlessly dissects our concrete sense-experience with a view to disclose the presence of the universal therein. Bedil is a poet; ~~[illegible]~~ analysis ~~[illegible]~~ is naturally painful and inartistic. ~~He~~ He deals with the concrete more gently, and suggests the universal in it by mere looking at its own inevitable bounds of vision.

" [illegible]
[illegible] "

'The wave cannot screen the face of the Ocean!
O restless observer! Thou hast closed thine
Eyes, where is the veil?".

Again we see the poet's vision of the individual (Jīvātman) in the following verse —

" [illegible]
[illegible] "

The dawn is nothing more than a confused jumble of scattered particles of light; yet we talk of it as though it were something concrete, a distinct unity, a substance. "The conditions (of life) in this wilderness of a world, says Bedil, have fastened upon me like the dawn, the false charge of a concrete constitution which my nature does not admit."

But the most remarkable thing about Bedil, ~~[illegible]~~ is the staggeringly Polyphonic character of

دُوسرا باب

خُطُوط

۲ — (۱) جناب اکبر حیدری کی طرف سے علامہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط۔ اس میں حیدری صاحب نے عبدالرزاق حیدرآباد دکن کے بغیر اجازت علامہ کی نظمیں چھاپنے کا ذکر ہے۔
۱۰، اگست ۱۹۲۵ء ایک ورق۔
نمبر سلسلہ ع ام ۳۲۳/۷۷ ۱۹ء

۲ — (۲) جناب اے حیدری کی طرف سے علامہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط، جس کے ساتھ جناب اے رزاق کا ہاتھ سے لکھا ہوا دو صفحے کا خط بھی ہے۔ تاریخ ۴۔ اکتوبر ۱۹۲۵ء
۵، اکتوبر ۱۹۲۵ء ایک ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۳۲۴-۱-۲/۷۷ ۱۹ء

۲ — (۳) کلیاتِ اقبال کی اشاعت کے سلسلے میں جناب اے رزاق کی طرف سے جناب اے حیدری صاحب کے نام ہاتھ سے لکھا ہوا خط۔ ۲۱، اگست ۱۹۲۵ء
نمبر سلسلہ ع ام ۳۲۵/۷۷ ۱۹ء

۲ــ(۴) کلیاتِ اقبال کا دوسرا ایڈیشن چھاپنے کے سلسلے میں جناب اے حیدری کے نام جناب اے رزاق کا ہاتھ سے لکھا ہوا خط۔ ۷ ستمبر ۱۹۲۵ء ۳۔ صفحات۔

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۲۶ء

۲ــ(۵) حیدر آباد دکن میں کتابوں کی رجسٹری کے بارے میں جناب اے حیدری کی جانب سے علامہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط۔ ۲۰ ستمبر ۱۹۲۵ء ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۲۷ء

۲ــ(۶) جناب اے حیدری کی طرف سے علاّمہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط، جس کے ساتھ جناب اے رزاق کے خط کی ایک نقل بھی ہے۔ ۱۶ نومبر ۱۹۳۵ء ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۲۸ء

۲ــ(۷) جناب اے حیدری کی جانب سے کتاب کی فروخت کے بارے میں علاّمہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط ۶ ستمبر ۱۹۲۶ء ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۲۹ء

۲ــ(۸) جناب اے حیدری کی طرف سے علاّمہ اقبال نام ٹائپ شدہ خط، جس میں جناب اے رزاق کی طرف سے نظموں کی اشاعت کے لیے علاّمہ اقبال سے اجازت طلب کی گئی ہے۔ ۲۷ ستمبر ۱۹۲۷ء ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۰ء

۲ــ(۹) جناب اے حیدری کی طرف سے علاّمہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط، جس میں وہ ان کو

مدراس سے واپسی پر اپنے ہاں قیام کی دعوت دے رہے ہیں۔ ۲۰، ستمبر ۱۹۲۷ء ایک ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۱ء

۲ — (۱۰) خوبصورت لکھائی والا اردو خط۔ جناب شاد فقیر[1] کی طرف سے علامہ اقبال کے نام
۲۴ جمادی الاولیٰ — ۱۳۴۳ ہجری۔ ۲۔ صفحات
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۲ء

۲ — (۱۱) جناب فقیر شاد کی طرف سے علامہ اقبال کے نام خوش خط لکھا ہوا خوبصورت خط، جس میں وہ علامہ کو نئے سال کے آغاز کی اطلاع دے رہے ہیں۔ جمادی الآخر ۱۳۴۳ ہجری — ۷۔ صفحات۔
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۳ء


۲ — (۱۲) جناب فقیر شاد کی طرف سے علامہ اقبال کے نام خط، جس میں وہ خط کا جواب نہ پانے پر شکوہ سنج ہیں۔ ۲۹، رجب ۱۳۴۴ ہجری — ۳ صفحات
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۴ء

۲ — (۱۳) جناب فقیر شاد کا ہاتھ سے لکھا ہوا خط علامہ اقبال کے نام، جس میں وہ سفارش کر رہے ہیں کہ عبدالرزاق کو کتاب کی اشاعت کی اجازت دی جائے۔
۱۸، شوال ۱۳۴۳ ہجری — ایک ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۵ء

---

[1] فقیر کا لفظ نام کا جزو نہیں۔ شاد سے مراد مہاراجہ کشن پرشاد شاد، مدارالمہام ریاست حیدرآباد دکن ہیں اور وہ صوفی مشرب اور فقیر منش ہونے کی وجہ سے انکسار کے طور پر فقیر کا لفظ اپنے نام کے ساتھ لکھ دیا کرتے۔ جیسے کئی لوگ حقیر، مسکین اور احقر وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ — مترجم


عکس : ۹



اقبال کا خط ان کے بھتیجے مختار اور
بیٹے جاوید اقبال کے نام

ف م ۲ (۸۲)

عکس : ۱۰



HOTEL LUTETIA
43, BOULEVARD RASPAIL
SQUARE DU BON MARCHÉ
PARIS

ADRESSE TELEGRAPHIQUE
LUTETIAOTEL-80-PARIS

یکم فروری ۳۳ء

ڈیر مہر صاحب ۔ السلام علیکم ۔ آپ کا انقلاب دسمبر تک کے نمبر اقبال سیریز کے سلسلے
مل گئے جنکو پڑھ کر بہت مسرت ہوئی ۔ ۲۶ جنوری کو ہسپانیہ کے سفر سے
واپس آ گیا ۔ اب ۱۰ فروری کو وینس سے اطالین جہاز کانٹے وردی پر
سوار ہو کر ۲۲ تاریخ کو ان شاء اللہ العزیز بمبئی پہنچ جاؤں گا ۔
ہسپانیہ میں جو کچھ دیکھا ایک خط میں تو وقت کی تنگی کی وجہ سے لکھا نہیں جا سکتا ہے !
امید ہے آپ کا مزاج بخیر و عافیت ہوگا ۔ چودھری محمد حسین صاحب کی خدمت میں
سلام عرض کیجیے اور گھر میں بھی خیریت سے مطلع کیجیے

حاجی [illegible] ذکاء اللہ مرحوم کی وفات کی خبر پڑھ کر بہت افسوس ہوا
خدا تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے ۔ ان کے اعزا اور متعلقین کی طرف سے
تعزیت کر دیجیے ۔ مجھے ان میں سے کسی کا ایڈریس معلوم نہیں ۔
سالک صاحب کس رنگ میں ہیں ؟

محمد اقبال

اقبال کا خط چودھری غلام رسول مہر کے نام

ف م ۲ (۸۵)

۲ — (۱۴) جناب فقیر شاد کا ہاتھ سے لکھا ہوا خط علامہ اقبال کے نام، جس میں انھیں پنجاب کونسل میں انتخاب جیتنے پر مبارک باد دی گئی ہے۔

۸۔ جنوری ۱۹۲۶ء — ۲ صفحات۔

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۶ء

۲ — (۱۵) ٹائپ شدہ خط، جس میں عبدالرزاق کو بلا اجازت نظمیں چھاپنے پر معاف کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

۱۸، جولائی ۱۹۲۵ء — ۲ صفحات۔

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۷ء

۲ — (۱۶) ایس۔ ایم سلیمان کی طرف سے ٹائپ شدہ خط، جس میں علامہ کے اپنی کتاب "ری کنسٹرکشن آف ریلجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے پر علامہ کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

۱۶، مئی ۱۹۳۰ء — ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۸ء

۲ — (۱۷) ڈاکٹر سی۔ ایس ہرگونج کی طرف سے انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں کتاب "ری کنسٹرکشن آف ریلجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے پر علامہ کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

۴، جون ۱۹۳۰ء — ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۳۹ء

۲ — (۱۸) جناب ڈی بوئسر کی طرف سے انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں کتاب "ری

کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے پر علامہ کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔
۲۸ ,مئی ۱۹۳۰ء —— ایک ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۰ء

۲ــ (۱۹) جناب اے۔ جے وینیک کی طرف سے انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں کتاب
"ری کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے پر علاّمہ کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔
۱۰ ,اگست ۱۹۳۰ء —— ۴ صفحات
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۱ء

۲ــ (۲۰) میسرز ٹاکنگ پکچر ریکارڈ کمپنی، کلکتہ کی طرف سے علاّمہ کے نام ٹائپ شدہ خط، جس میں
گراموفون ریکارڈ کی میکینکل پروڈکشن کے لیے شکوہ اور جواب شکوہ کے حقوق دینے کی درخواست
کی گئی ہے۔ ۱۹ مئی ۱۹۳۴ء —— ایک ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۲ء

۲ــ (۲۱) مذکورہ بالا خط کے جواب میں علاّمہ کے ایڈووکیٹ جناب غلام رسول کا خط، جو ٹائپ
کے ساتھ ساتھ پنسل سے بھی لکھا گیا ہے۔ ۲۹ ,مئی ۱۹۳۴ء ــ ۲ ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۳ء

۲ــ (۲۲) میسرز ٹاکنگ پکچر ریکارڈ کمپنی، کلکتہ کی طرف سے ٹائپ شدہ خط، جس میں شکوہ کے پچھتر اشعار
کے حقوق خریدنے پر رضامندی کا اظہار کیا گیا ہے۔ ۳۱ ,مئی ۱۹۳۴ء —— ایک ورق
نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۴ء

۲ــ (۲۳) میسرز ٹاکنگ پکچر ریکارڈ کمپنی، کلکتہ کی طرف سے ۳۱ ,مئی ۱۹۳۴ء کے خط کی یقین دہانی کا

خط - ۲۲، جون ۱۹۳۴ء ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۵ء

۲-(۲۴) جناب غلام رسول ایڈووکیٹ کی طرف سے انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں میسرز ٹاکنگ پکچر کے ۳۱، مئی اور ۲۲، جون ۱۹۳۴ء کے خطوں کا جواب ہے اور انھیں ایک واضح پیشکش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ۲۵، جون ۱۹۳۴ء ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۶ء

۲-(۲۵) میسرز ٹاکنگ پکچر ریکارڈ کمپنی، کلکتہ کی طرف سے ٹائپ شدہ خط، جس میں شکوہ اور جوابِ شکوہ کے حقوق حاصل کرنے کے لیے پچاس روپے کی پیشکش کی گئی ہے۔

۱۱، جولائی ۱۹۳۴ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۷ء

۲-(۲۶) جناب غلام رسول ایڈووکیٹ کے ہاتھ سے لکھا ہوا خط، میسرز ٹاکنگ پکچر کے نام، جس میں علامہ کی طرف سے پچاس روپے کی مضحکہ خیز پیشکش قبول کرنے سے انکار کیا گیا ہے

۱۴، جولائی ۱۹۳۴ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۸ء

۲-(۲۷) میسرز ٹاکنگ پکچر کی طرف سے ٹائپ شدہ خط میں مذکورہ بالا خط ملنے پر افسوس کا اظہار ہے اور نئی پیشکش کے لیے علامہ کا مطالبہ معلوم کیا گیا ہے۔

۱۷، جولائی ۱۹۳۴ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۴۹ء

۲ــ (۲۸) علامہ اقبال کی ایک رشتے دار خاتون، کریم بی بی کا خط، جس میں علامہ کی بیوی کو "حاجتِ نماز" کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ ۱۸، اگست ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۰ء

۲ــ (۲۹) شیخ طاہر الدین اینڈ سنز کی طرف سے رام لعل کے نام کاغذ کی خریداری کے سلسلے میں خط۔

۶، جنوری ۱۹۳۶ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۱ء

۲ــ (۳۰) شیخ طاہر الدین اینڈ سنز کی طرف سے علامہ اقبال کے نام خط، جس میں انھیں کاغذ اور طباعت وغیرہ کے اخراجات سے آگاہ کیا گیا ہے۔

۶، جنوری ۱۹۳۶ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۲ء

۲ــ (۳۱) جناب یعقوب علی، نمائندہ ورکنگ کمیٹی، آل مسلم کانفرنس جموں کشمیر کا خط علامہ اقبال کے نام، جس میں کشمیر کے مسلمانوں کی حالت بیان کی گئی ہے۔

۷، اگست ۱۹۳۳ء ـــــ تین ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۳ء

۲ــ (۳۲) علامہ کے دوست جناب اے حیدری کی طرف سے علامہ اقبال کے نام بصیغۂ راز بھیجا ہوا ٹائپ شدہ نجی خط، جس میں کسی ذاتی معاملے کے بارے میں مشورہ کیا گیا ہے۔

۱۰، اکتوبر ۱۹۳۳ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۴ء

۲ – (۳۳) جناب ایس - وی - للت کی طرف سے علاّمہ اقبال کے نام بالکل ذاتی اور بصیغۂ راز ٹائپ شدہ خط، جس میں ہندوستان میں فرقہ وارانہ فسادات کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں -

۱۰، مئی ۱۹۳۲ء ـــــ دو صفحات -

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۵ء

۲ – (۳۴) جناب حمید، لیکچرار گورنمنٹ کالج گجرات کا ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں بعض مسائل کے بارے میں ضابطے بتائے گئے ہیں -

۱۹، جولائی ۱۹۲۸ء ـــــ ۱۰ ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۶ء

۲ – (۳۵) امیر بہاول پور نواب صادق محمد عباسی کا ٹائپ شدہ خط علاّمہ اقبال کے نام، جس میں انھیں قانونی مشیر مقرر کیے جانے کی اطلاع شرائط کے ساتھ دی گئی ہے - شرائط پر نواب صاحب کے دستخط موجود ہیں -

۲، نومبر ۱۹۲۸ء ـــــ دو ورق


نمبر سلسلہ ع ام ۱-۲/۳۵۷/۱-۲/۱۹۷۷ء

۲ – (۳۶) جناب غلام عباس، جنرل سیکرٹری جموں و کشمیر مسلم کانفرنس، کا خط علاّمہ اقبال کے نام جس میں کشمیری مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کا بیان ہے -

تاریخ ندارد ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۸ء


عکس : ۱۱



اقبال کا خط جناب غلام احمد مہجور کے نام

ف م ۲ (۷۹)

عکس : ۱۲


Dr. Sir Mohd. Iqbal. Kt
M. A., Ph. D.
Barrister-at-Law
Lahore.

لاہور ۱۲ اپریل ۳۶ء

مخدومی جناب نواب صاحب - السلام علیکم

[illegible]

زیادہ کیا عرض کروں امید ہے کہ آپ کا مزاج بخیر ہوگا

[illegible]

مخلص محمد اقبال

اقبال کا خط نواب بہادر یار جنگ کے نام

ف م ۲ (۸۳)

۲-(۳۷) جناب وولی کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، علامہ اقبال کے نام، جس میں ان کے ٹکٹوں کی رقم واپس ہونے کا ذکر ہے۔

۴، فروری ۱۹۳۳ء —— ۲ ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۵۹ء

۲-(۳۸) جناب ہنری فیلڈ، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی، نیو اورینٹ سوسائٹی آف امریکہ کا ٹائپ شدہ خط علامہ اقبال کے نام، جس میں ان سے مضمون بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔

۱۸، جولائی ۱۹۳۲ء — ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۰ء

۲-(۳۹) جناب الشریف الزمان کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں ان کی صحت و عافیت دریافت کی گئی ہے۔

۱۱، فروری ۱۹۳۵ء — ۴ صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۱ء

۲-(۴۰) جناب پروفیسر جے۔ ہیل کی طرف سے علامہ اقبال کے نام انگریزی زبان میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں کتاب "سکس لیکچرز آن ری کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

۵، اکتوبر ۱۹۳۰ء — دو صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۲ء

۲ — (۴۱) سر راس مسعود کا علامہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط، جس میں جاوید اقبال کی والدہ کی وفات پر تعزیت کی گئی ہے۔

۲۷ مئی ۱۹۳۵ء —— دو ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۳ء

۲ — (۴۲) ۵۱۔ بلیوارڈ بین سیجار — پیرس ۱۶ سے علاّمہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط، جس میں یورپ میں اسلامی تعلیمات کا مرکز قائم کرنے کے سلسلے میں تجاویز درج ہیں۔

۱، نومبر ۱۹۳۳ء —— ۵ صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۴ء

۲ — (۴۳) پروفیسر ڈاکٹر اے فشر کا جرمن زبان میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں کتاب "سکس لیکچرز آن ری کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے پر علاّمہ کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

۳، اکتوبر ۱۹۳۰ء —— ۲ صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۵ء

۲ — (۴۴) جناب اے حیدری کی طرف سے علاّمہ اقبال کے نام ٹائپ شدہ خط، جس کے ساتھ جناب اے رزاق کے شرائط نامے کی اصلی کاپی اور انکے ساتھ جناب حیدری کے لکھے (۳۱، اگست اور ستمبر) کے دو خطوں کی نقل بھی ہے۔

۷، ستمبر ۱۹۲۵ء —— ہر خط کا ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۶ء

۲ — (۴۵) "طلوعِ اسلام"، دہلی کے جناب نذیر نیازی کی طرف سے علاّمہ اقبال کے لیے حکیم نابینا کا نسخہ۔

۸، اکتوبر ۱۹۳۰ء ایک ورق

نمبرسلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۷ء

۲-(۴۶) جناب نذیر نیازی کے ہاتھ سے لکھا ہوا علاّمہ اقبال کے لیے خط، جس میں دواؤں کی روانگی اور ان کے استعمال کے بارے میں لکھا گیا ہے۔

۱۶، ستمبر ۱۹۳۵ء ـــــ ایک ورق

نمبرسلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۸ء

۲-(۴۷) خلیفہ عبدالحکیم کی طرف سے انگریزی زبان میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں خلیفہ صاحب کی حیدر آباد دکن کے اسلامیہ کالج میں تعیناتی کا ذکر ہے۔

۳۰، اگست ۱۹۳۴ء ـ ۵ صفحات

نمبرسلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۶۹ء

۲-(۴۸) ڈپٹی کمشنر لاہور کی طرف سے علاّمہ اقبال کے نام تصدیق شدہ خط کی نقل، جس میں میو روڈ کی مسجد میں اضافے اور تبدیلی کا تذکرہ ہے۔

۱۳، مئی ۱۹۳۵ء ـــــ ایک ورق

نمبرسلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۷۰ء

۲-(۴۹) ہری نگر سے کسی گمنام شخص کا اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں سڑکوں کی مخدوش حالت کے پیش نظر گھر سے باہر نہ نکلنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

۳۱، جولائی ۱۹۳۳ء ـ ایک ورق

نمبرسلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۷۱ء

عکس : ۱۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از دفتر

جموّں و کشمیر مسلم کانفرنس

منجانب غلام عباس جنرل سکریٹری آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس (جموں)

بخدمت جناب ڈاکٹر سر محمد اقبال صاحب صدر آل انڈیا کشمیر کمیٹی (لاہور)

[illegible]

غلام عباس جنرل سیکرٹری جموں و کشمیر
مسلم کانفرنس کا خط علامہ اقبال کے نام

ف م ۲ (۳۶)

۲ – (۵۰) شیخ عبدالحمید، صدر مسلم کانفرنس، جموں وکشمیر کی طرف سے علامہ اقبال کے نام خط، جس میں ان سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ کشمیری مسلمانوں کی زبوں حالی کی وکالت عدالتوں میں کریں۔

۳۱، جولائی ۱۹۳۳ء — دو ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۷۲ء

۲ – (۵۱) صدر مسلم کانفرنس، سرینگر، کے خط کی ٹائپ شدہ نقل، جو انہوں نے کرنل بیلی، ریذیڈنٹ کشمیر کے نام لکھا۔ اس کے ساتھ مہاراجہ کشمیر کے نام درخواست بھی ہے۔ جس میں مسلمانوں کی بے چینی بیان کی گئی ہے۔

۶، جولائی ۱۹۳۳ء — سات ٹائپ شدہ صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۷۳ء

۲ – (۵۲) شیخ عبدالحمید، صدر آل جموں وکشمیر کانفرنس کا علامہ اقبال کے نام ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں شیخ عبداللہ کے بارے میں اپنے نظریات بتائے گئے ہیں۔

۳۱، دسمبر ۱۹۳۳ء — ۲ ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۷۴ء

۲ – (۵۳) شیخ عبدالحمید، صدر آل جموں وکشمیر کانفرنس، کا علامہ اقبال کے نام ہاتھ سے لکھا ہوا خط جس میں کشمیریوں پر حکومت کے ہاتھوں ڈھائے جانے والے مظالم کا بیان ہے۔

۱۳، جون ۱۹۳۳ء — ۷ ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۷۵ء

۲ – (۵۴) جرمن زبان میں جناب اے۔ پیرٹ کا ٹائپ شدہ خط علامہ اقبال کے نام، جس میں علامہ کی کتاب "سکس لیکچرز آن ری کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹ ان اسلام" کا ذکر ہے۔

۳ ، مئی ۱۹۳۲ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۷۶ء

۲ ـ (۵۵) جرمن زبان میں ہاتھ سے لکھا ہوا پروفیسر جے ہل کا خط، جس میں فلاسی آف مسلم تھاٹ کا ذکر ہے۔

یکم مئی ۱۹۳۲ء ـــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۷۷ء

۲ ـ (۵۶) علامہ اقبال کے نام جناب حمید احمد خاں کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں انھوں نے کرم آباد ڈاک خانہ وزیر آباد سے کرنل سلیمین کی کتاب سے اقتباسات بھیجے ہیں اور اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کے لیے غالب کے موضوع پر ایک مقالے کا ذکر ہے۔

۸ ، جولائی ۱۹۳۴ء ـــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۷۸ء

۲ ـ (۵۷) پرنسپل آفس اسلامیہ کالج لاہور کے لیٹر فارم پر انگریزی میں جناب اے فشر کے ہاتھ سے لکھا ہوا خط علامہ اقبال کے نام، جس میں کتاب "سکس لیکچرز آن ری کنسٹرکشن آف ریلیجس تھاٹ اِن اسلام" بھجوانے پر ان کا شکریہ ادا کیا گیا ہے۔

تاریخ درج نہیں ـــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۷۹ء

۲ ـ (۵۸) جناب اے حیدری کا ہاتھ سے لکھا ہوا خط علامہ کے نام، جس میں وہ اپنی لاہور آمد کی اطلاع دے رہے ہیں۔

۲۲, نومبر ۱۹۳۳ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۸۰ء

۲ ـ (۵۹) فارسی زبان میں علامہ کے نام ہاتھ سے لکھا ہوا خط، لکھنے والے کی شناخت نہیں کی جاسکی۔ بہرحال لکھنے والا کسی موقع پر ملاقات کے حوالے سے علامہ کے لیے محبت اور احترام کا اظہار کر رہا ہے

ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۸۱ء

۲ ـ (۶۰) علامہ اقبال کے نام مولوی نذیر احمد کا اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط جس میں ڈوگری حکومت کی کشمیر پر زیادتیوں کا ذکر ہے۔

تاریخ درج نہیں۔ ـــــ ۶ ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۸۲ء

۲ ـ (۶۱) جناب اے رزّاق کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، نواب بہادر یار جنگ کے نام، جس میں اقبال اور ان کی شاعری پر نواب صاحب کی تصنیف کی اشاعت کے سلسلے میں معاملات کو آخری شکل دی گئی ہے۔

۶, ستمبر ۱۹۲۵ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۸۳ء

۲ ـ (۶۲) جناب یعقوب علی کا علامہ اقبال کے نام ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں زمان و مکان کے مسائل کے متعلق کتابوں کی معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

۱۱۔مئی ۱۹۳۲ء ـــــ دو صفحات

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۸۴ء

عکس : ۱۴

My very very dear Iqbal,

I had already sent to you a wire yesterday congratulating you when unfortunately a few hours later on the receipt of your letter containing the sad news of your dear wife's death I had to send another wire sympathizing with you in your great bereavement. Both of us feel very deeply for you and pray to God to give you enough strength and patience to bear the blow that has fallen on your head. انا للہ وانا الیہ راجعون

It gives me great satisfaction to be able to inform you that, as an expression of his personal regard for you and as a service to Islam, His Highness the Ruler of Bhopal has been graciously pleased to sanction for you a life pension of Rs. five hundred a month from his own personal pocket in spite of the acute financial stringency, with which we, in common with the rest of Central India, are faced. This pension will come into force from the 1st of June 1935, that is to say from the 1st of the next month. His Highness is most anxious that you should now commence work on the book that you intend writing on the Holy Quran, which will remain your property, so that the benefits derived from its sale should for all time be inherited by your children. You should, however, show clearly on the title page or the preface the connection of the book with the present enlightened Ruler of this State, who has personally made it possible for you to write it. I think that it could best be shown by dedicating the book to him in the usual way and by mentioning in the dedication the fact that had it not been for his help, the book would never have seen the light of day. Please let me have an answer to this letter so as to enable me to have the necessary orders issued for the payment of this money to you regularly.

In the end I would like to add that His Highness is continuing with his efforts to get for you from another source another monthly income.

Believe me, with kindest regards,

Yours very affectionately

S R Masood

سرراس مسعود کا خط علامہ اقبال کے نام

قلم ۲ (۴۱)

عکس : ۱۵



مسٹر یعقوب علی نمائندہ ورکنگ کمیٹی آل مسلم کانفرنس
جموں و کشمیر کا خط علامہ اقبال کے نام
فم ۲ (۳۱)

۲-(۶۳) علامہ اقبال کے نام جناب عبدالحمید کا اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں انھیں شیخ عبداللہ کے دورے کی تفصیل بتائی گئی ہے۔
۹، اگست ۱۹۳۳ء ــــ دو صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۸۵ء

۲-(۶۴) علامہ اقبال کے نام جناب عبدالحمید کا اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں اپنی علالت اور شیخ عبداللہ کی سرگرمیوں کا ذکر ہے۔
۲۲، نومبر ۱۹۳۳ء ــــ دو صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۸۶ء

۲-(۶۵) علامہ اقبال کے نام لیڈی نید رسول کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں انہوں نے کشمیر سے اپنی جلا وطنی کی اطلاع دی ہے۔
۲، اگست ۱۹۳۳ء ــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۸۷ء

۲-(۶۶) بیرن ولیتھم کی طرف سے علامہ اقبال کے نام جرمن زبان میں انگریزی ترجمے کے ساتھ تار، جس کی عبارت کچھ یوں ہے: "میں مارچ میں لاہور آکر آپ سے ملوں گا۔ السلام علیکم۔"
تاریخ درج نہیں ــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۸۸ء

۲-(۶۷) جناب محمد اسماعیل کا اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط جناب مالک کے نام، جس میں ان سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ علامہ اقبال کو کشمیری مسلمانوں پر ہندوؤں کی طرف سے ڈھائے جانے والے مظالم ضرور بتائیں۔

۱۰/ جون ۱۹۳۴ء ـــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۸۹ء

۲ـ(۶۸) پروفیسر جے ہل کی طرف سے علامہ اقبال کے نام جرمن زبان میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط۔

۱۵/ اکتوبر ۱۹۳۴ء ـــــ ۲ ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۹۰ء

۲ـ(۶۹) پروفیسر جے ہل کی طرف سے علامہ اقبال کے نام جرمن زبان میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط۔

۱۰/ مارچ ۱۹۳۲ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۹۱ء

۲ـ(۷۰) سیکرٹری روڈ ائیرسٹ کا علامہ اقبال کے نام انگریزی میں ٹائپ کیا ہوا خط، جس میں موسم گرما ۱۹۳۶ء روڈ میموریل کے زیر اہتمام لیکچر دینے کی درخواست کی گئی ہے۔

۲۷/ مئی ۱۹۳۵ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۹۲ء

۲ـ(۷۱) جناب راغب علی کا علامہ اقبال کے نام اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں راغب صاحب نے شملہ میں مسلم اتحاد کے لیے اپنی سرگرمیوں کا ذکر کیا ہے۔

۲۸/ اگست ۱۹۳۴ء ـــــ دو صفحات

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۳۹۳ء

۲ـ(۷۲) جناب ایس۔ بی۔ گھوش کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، علامہ اقبال کے نام، جس میں ان سے اسلام کے بارے میں رہنمائی طلب کی گئی ہے۔

۲۰ رمئی ۱۹۳۵ء ـــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۹۴ء

۲ ــ (۷۳) لیڈی نیدر رسول کی طرف سے علّامہ اقبال کے نام انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں لیڈی صاحبہ نے علّامہ اقبال سے اپنی ملک بدری کی اطلاع دی ہے۔

۴ر اگست ۱۹۳۳ء ـــــ دو ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۹۵ء

۲ ــ (۷۴) جناب حمید کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا علّامہ اقبال کے نام خط، جس میں انھوں نے ریاضی کے کچھ مسائل پر بحث کی ہے۔

۲۷ر جولائی ۱۹۳۵ء ـــــ ۵ ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۹۶ء

۲ ــ (۷۵) وی آنا سے علّامہ اقبال کے نام جناب مظفر علی کا اردو میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، جس میں انھوں نے علّامہ اقبال سے اپنی بیماری کا پورا پس منظر لکھ بھیجنے کو کہا ہے۔ تاکہ طبّی مشورہ کیا جاسکے اس کے علاوہ ان سے یہ درخواست بھی کی گئی ہے کہ اگر انھیں وہاں سے کسی چیز کی بھی ضرورت ہو تو لکھیں۔

۶ر دسمبر ۱۹۳۵ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۹۷ء

۲ ــ (۷۶) محترمہ فلورنس روز کا انگریزی میں ہاتھ سے لکھا ہوا خط، علّامہ اقبال کے نام جس میں انھوں نے خوشگوار بحری سفر میں ساتھ کے لیے علّامہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ اور کسی کام کے سلسلے میں مس فرلو ہرسن سے ملنے کی اطلاع بھی دی ہے۔

۷، فروری ۱۹۳۳ء ——— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۹۸ء

۲ـ (۷۷) مولانا گرامی کے نام اقبال کا خط، جس میں ان کے بیمار اہلِ خانہ کی صحت یابی کی دعا کی گئی اور چند فارسی اشعار میں نوجوانانِ جدید کی روش پر بھی تنقید کی گئی ہے۔ جن لوگوں نے اپنی تہذیب لباس، اور زبان تبدیل کر لی ہے۔

۳، مئی ۱۹۱۷ء ——— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۳۹۹ (ن م ۱۸۵-۱۹۷۷)

۲ـ (۷۸) مولانا گرامی کے نام علامہ اقبال کا خط۔ دوسرے ذاتی مسائل کے علاوہ اقبال سندھی مہاجرین کے کابل جانے کے دل گداز مناظر بھی بیان کرتے ہیں، جو انھوں نے لاہور ریلوے اسٹیشن پر دیکھے۔

۱۲، جولائی ۱۹۲۰ء ——— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۴۰۰ (ن م ۱۹۷۷/۱۰/۲ء)

۲ـ (۷۹) غلام احمد مہجور کے نام علامہ اقبال کا خط، جس میں کشمیری شعراء کا تذکرہ مرتب کرنے کے سلسلے میں بات چیت کی گئی ہے۔

۱۲، مارچ ۱۹۲۲ء ——— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۹۷۷/۴۰۱ (ن م ۹-۱/۱۹۷۷ء)

۲ـ (۸۰) شیخ عطاء اللہ صاحب کے نام اقبال کا خط، جس میں ان کی کتاب "شہادت الفرقان لاجمال القرآن" کی تعریف کی گئی ہے۔

۱۰، اپریل ۱۹۰۹ء ——— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۰۲/۱۹۷۷ (ن م ۱۰۷/ ۱۹۷۷ء)

۲ــ (۸۱) اقبال کا خط ، جس میں مولانا غلام مرشد ، مولانا احمد علی ، ظفر علی خاں ، سید حبیب ، مولوی نور الحق سید عبد القادر اور مولانا مہؔر کو کسی موضوع پر بات چیت کے لیے اپنے ہاں آنے کی دعوت دی ہے ۔

۵ ، ستمبر ۱۹۲۹ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۰۳/۱۹۷۷ (ن م ۱۷۰/ ۱۹۷۷ء)

۲ــ (۸۲) اقبال کا خط ، اپنے بھتیجے مختار اور بیٹے جاوید کے نام ، جس میں انھیں لندن سے بمبئے آنے کی اطلاع دی ہے ۔

۲۹ ، دسمبر ۱۹۳۲ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۰۴/۱۹۷۷ (ن م ۸۸/ ۱۹۷۷ء)

۲ــ (۸۳) کشمیری مہاجرین کے لیے امداد جمع کرنے کے سلسلے میں علاّمہ کا خط بہادر یار جنگ کے نام

۱۴ ، ستمبر ۱۹۳۳ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۰۵/۱۹۷۷ (ن م ۹۷/ ۱۹۷۷ء)

۲ــ (۸۴) چودھری غلام رسول مہؔر کے نام علاّمہ اقبال کا خط ، جس میں انھیں نارتھ مسلم سٹیٹ کے مسلمانوں کی حالت کے بارے میں جج پولڈن کے ان نظریات کا اردو ترجمہ شائع کرنے کی فرمائش کی گئی ہے ۔ جو "مسلم آؤٹ لک" میں چھپے تھے ۔

۱۰ ، جولائی ۱۹۳۱ء ـــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۰۶/۱۹۷۷ (ن م ۱۷۶/ ۱۹۷۷ء)

عکس : ۱۶

SHAIKH ABDUL HAMID,
Advocate HIGH COURT.
Jammu.

شیخ عبدالحمید ایڈووکیٹ
ہائی کورٹ جموں

Dated 22-11-1933

پرائیویٹ

مخدومی جناب شیخ صاحب زاد عنایتہ

السلام علیکم ۔ امرتسر سے چٹھی موصول ہوئی ہے جیسکے ملاحظہ سے عیاں ہے ۔ اتوار کو امرتسر میں کشمیر کمیٹی کا اجلاس ہوگا ۔ بندہ کی صحت زیادتی کام وغیرہ کی وجہ سے سرینگر میں بہت خراب ہوگئی تھی تاحال صحت بحال نہیں ہوئی ۔ اپنی طرف سے معاملہ کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے شامل ہونے کی کوشش کرونگا ۔ اگر اس میں کامیاب نہ ہوسکا تو امید ہے کہ آپ معاف فرمائینگے ۔

میں چند امور کی طرف آپکی توجہ مبذول کرتا ہوں امید ہے کہ آپ اپنے تک محدود رکھیں گے یا کسی خاص اپنے رفیق کار کے علاوہ اور کسی کو میرا خط نہ دکھلائینگے ۔

شیخ محمد عبداللہ کو پہلی دفعہ صدر کانفرنس بنائے جانے کے لئے سب سے زیادہ میں نے کوشش کی اور خداوند کریم نے میری کوشش کو کامیاب کیا اگلی بار جب میں نے انکا نام پیش کیا اور انکے حق میں تقریر کی اور اپنے نام کو واپس کرایا اور انکے حق میں بڑا پراپیگنڈہ کیا ۔

شیخ صاحب کے گرفتار ہونے پر نہایت دیانت اور محنت سے کام کیا چار ماہ سے زیادہ عرصہ وکالت کا کام ترک کرکے کافی نقصان برداشت کیا صحت خراب کی آخر تاکید وزیروں سے انہیں نہایت عزت و احترام سے آزاد کرا دیا ۔ اس سے قبل انکی آزادی کبھی تحریر دینے کے بغیر نہیں ہوئی تھی ۔

یہ تمام کام اور دیگر سب کام آج تک میں نے محض مسلمانوں کی بہتری و بہبودی کے لئے انجام دئے میں سب مسلمانوں کو بھائی خیال کرتا ہوں اور میں نے کبھی کشمیری ۔ پنجابی ۔ ڈوگرہ ۔ ریاستی ۔ غیر ریاستی کا خیال نہیں کیا بلکہ میں نے بڑے اصرار سے مطالبات جو بشکل میموریل مہاراجہ بہادر کے پیش کئے گئے

مسٹر عبدالحمید کا خط علامہ اقبال کے نام

ف م ۲ (۶۴)

۲ — (۸۵) چودھری غلام رسول مہر کے نام علامہ اقبال کا خط، جس میں " انقلاب " کے خصوصی ایڈیشنوں کی وصولی کی رسید دی ہے اور یورپ سے واپسی پر اپنا پروگرام بھی لکھا ہے۔
یکم فروری ۱۹۳۳ء ــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۴۰۷ (ن م ۱۱۸/۱۹۷۷ء)

۲ — (۸۶) چودھری غلام رسول مہر کے نام علامہ اقبال کا خط، جس میں ان نوٹس کا ذکر ہے۔ جو اسلام میں عورتوں کی تعلیم کے موضوع پر عطیہ فیضی نے ان کو دیئے تھے۔
۲۱ مارچ ۱۹۳۳ء ــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۴۰۸ (ن م ۹۳/۷/۱۹۷۷ء)

۲ — (۸۷) چودھری غلام رسول مہر کے بصیغۂ راز لکھے خط پر علامہ اقبال کی تصدیق، جو مولانا نے نواب بھوپال کے سفرِ کشمیر براستہ لاہور کے بارے میں لکھا۔
۱۴ اگست ۱۹۳۳ء ــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۴۰۹ (ن م ۹۳/۹/۱۹۷۷ء)

۲ — (۸۸) چودھری غلام رسول مہر کے نام علامہ اقبال کا خط، جس میں پنڈت موتی لعل نہرو کے نام بھیجے گئے ایک تار کی عبارت درج ہے۔ جو نہرو نے کسی سیاسی مسئلے پر دستخط کے سلسلے میں دہلی سے روانہ کیا۔
تاریخ درج نہیں ــــ ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ام ۱۹۷۷/۴۱۰ (ن م ۱۲۵/۱۹۷۷ء)

۲ — (۸۹) مولوی عبد الحق کے نام اقبال کا خط، جس میں انھوں نے فلسطین کانفرنس کی صدارت کرنے سے معذوری کا اظہار کیا ہے۔

۲۱ ر اکتوبر ۱۹۳۶ء —— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۱/۱۹۷۷ء (ن م ۸۹/۲/۱۹۷۷ء)

۲ ــ (۹۰) مولوی عبدالحق کے نام اقبال کا خط انگریزی کتاب ہسٹری آف سائینس کے اردو ترجمے کے سلسلے میں، جو نیازی صاحب کر رہے تھے۔

۱۳، مارچ ۱۹۳۸ء —— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۲/۱۹۷۷ء (ن م ۸۹/۵/۱۹۷۷ء)

۲ ــ (۹۱) عطیہ فیضی کے نام علامہ اقبال کے خط کی عکسی نقل، جس میں ہسپانیہ میں علامہ کے پرائیویٹ سیکرٹری کا اور آل انڈیا مسلم کانفرنس کا ذکر ہے۔

۲۹، مئی ۱۹۳۳ء —— ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۳/۱۹۷۷ء

۲ ــ (۹۲) نیشنل بینک لاہور کی طرف سے خط نمبر ۸۹۳ جو علامہ کے -/۱۷۴۹۵ ر وپے کے بارے میں ہے۔

۳، اکتوبر ۱۹۳۳ء —— ایک ورق


نمبر سلسلہ ع ا م ۱۴/۱۹۷۷ء

۲ ــ (۹۳) رابندر ناتھ ٹیگور کی طرف سے ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم کے نام خط کی نقل جس میں شانتی نکیتن کی سرگرمیاں بتائی گئی ہیں اور اس مقصد کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں کے مسلمانوں کے عطیات دینے کے امکان معلوم کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

۲۶ ر دسمبر ۱۹۲۵ء

نمبر سلسلہ ع ا م ۱۵/۱۹۷۷ء

عکس: ١٧



اقبال کا خط مولانا گرامی کے نام

ف م ٢ (٧٨)

۲ – (۹۴) مشہور خطاط پروین رقم کے نام علامہ اقبال کے تین خط، جس میں اپنی رباعیات کی کتابت کے سلسلے میں بات چیت کی گئی ہے۔

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۱۶/۷۷ء۱۹

۲ – (۹۵) میسرز ممتاز علی اینڈ سنز کی طرف سے اردو میں لکھا ہوا خط، علامہ اقبال کے نام، جس میں ان کی مطبوعات کی فروخت کے سلسلے میں شرائط بتائی گئی ہیں۔ جو ۲۵ر اگست ۱۹۲۴ء کو منظور کی گئیں۔

۲۵ر اگست ۱۹۲۵ء — ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۱۷/۷۷ء۱۹

۲ – (۹۶) جناب عظیم الدین کی طرف سے پنجاب یونیورسٹی کے رجسٹرار کے لیٹر پیڈ پر علامہ کے نام خط، جس کے ساتھ حضرت حسن بصریؒ کے بارے میں ان کے تاثرات بھی ہیں۔

تاریخ درج نہیں ——— ۳ ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۱۸/۷۷ء۱۹

۲ – (۹۷) بالِ جبریل کی اشاعت کے سلسلے میں تاج کمپنی لمیٹڈ کے منیجر جناب عنایت اللہ کی طرف سے علامہ کے نام خط۔

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۱۹/۷۷ء۱۹

۲ – (۹۸) علامہ اقبال کی مطبوعات کی فروخت کے سلسلے میں ایس ممتاز علی اینڈ سنز کا خط علامہ کے نام۔ خط پر عبدالمجید سالک کے دستخط ہیں۔

۲۳ر اگست ۱۹۳۶ء — ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ا م ۴۲۰/۷۷ء۱۹

۲—(۹۹) لاہور سنٹرل کوآپرٹیو بنک لمیٹڈ کی طرف سے -/۱۲۷۳۳ روپے چودہ آنے تین پیسے کے سلسلے میں علامہ کے نام خط۔

۱۵ ستمبر ۱۹۳۳ء — ایک ورق

نمبر سلسلہ ع ۱م ۱۲۱/۱۹۷۷ء

○

عکس : ۱۸

جاوید منزل، لاہور
۱۵ مارچ ۳۸ء

ڈیر مولوی صاحب

سلام مسنون۔ امید ہے آپ کا مزاج اچھا ہوگا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ سارٹن کی انگریزی کتاب مقدمہ تاریخ سائنس کا ترجمہ نیازی صاحب آپ کیلئے اردو میں کر رہے ہیں۔ میں نے ترجمے کا ایک حصہ خود دیکھا ہے۔ نصف سے زیادہ کتاب کا ترجمہ مکمل ہو چکا ہے۔ چونکہ گذشتہ پانچ چار برس سے نیازی صاحب کے حالات اچھے نہیں رہے اسلئے وہ بالفعل ترجمے کا کوئی حصہ آپ کو نہ بھیج سکے۔ ترجمہ اب صاف ہو رہا ہے اور نیازی صاحب نے مجھے یقین دلایا ہے کہ اپریل سے ماہ بماہ آپکو مسودہ پہنچتا رہیگا۔ نیازی صاحب آپ کی مدد کے مستحق ہیں۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ انہیں تھوڑا سا وقت اور دیں گے تاکہ وہ اطمینان سے اس قدر ترجمے کو اشاعت کیلئے بھیج سکیں۔

مخلص
محمد اقبال

اقبال کا خط مولانا عبدالحق کے نام
ف م (۹۰)

تیسرا باب

دستاویزات

۳ – (۱) چلت کھاتے کی پاس بک :
سنٹرل کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ لاہور کی ڈاکٹر سر محمد اقبال بار ایٹ لا، ۴۴-میکلوڈ روڈ، (میو روڈ) لاہور کے نام کی پاس بک۔ یہ جولائی سے ستمبر ۱۹۳۶ء تک کے عرصے پر محیط ہے۔

تین لکھے ہوئے اور نو کورے ورق ۶ × ۴ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۴۲۳/۱۹۷۷ء

۳ – (۲) چلت کھاتے کی پاس بک نمبر ۴ ۹۵/۸۱۳/۱۲۵۳/۱۲۱۱۔ سنٹرل کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ لاہور، جو محترمہ سردار بیگم صاحبہ زوجہ ڈاکٹر سر محمدؐ اقبال، بار ایٹ لا، میکلوڈ روڈ لاہور کے نام ہے اور دسمبر ۱۹۳۴ء سے جولائی ۱۹۳۵ء اور فروری ۱۹۳۸ء تک کے عرصے پر محیط ہے۔

چھ ورق لکھے ہوئے اور نو کورے ہیں۔ نیلی جلد۔ $6\frac{1}{4}$ × ۴ انچ

نمبر سلسلہ ع ام ۴۲۴/۱۹۷۷ء

۳ - (۳) بیع نامہ ڈیڑھ روپے کے اشٹام پر بابت خرید اراضی واقع بی بی پاک دامن لاہور، برائے قبر محترمہ سردار بیگم والدہ جاوید اقبال بتاریخ ۲۴ ر مئی ۱۹۳۵ء - یہ زمین نظام الدین کی بیوہ اور میاں پیر بخش کی بیٹی سے خریدی گئی اور مختار احمد ولد شیخ عطا محمد اور طاہر دین نے بطور گواہان دستخط کیے -

نمبر سلسلہ ع ام ۴۲۵/ ۱۹۷۷ء

۳ - (۴) موت کا سرٹیفکیٹ :

سردار بیگم زوجہ ڈاکٹر سر محمد اقبال کی موت کا تصدیق نامہ، جو ۲۴ ر مئی ۱۹۳۵ء کو ڈاکٹر جمعیت سنگھ سے لیا گیا - یہ ایک لفافے میں بند ہے، جس پر علامہ نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے :" موت کا سرٹیفکیٹ جس میں جاوید کی والدہ کی موت کا سبب بیان کیا گیا ہے"

نمبر سلسلہ ع ام ۴۲۶/ ۱۹۷۷ء

۳ - (۵) حکم تخمینہ :

انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹ، پی وارڈ - لاہور کی طرف سے حکم تخمینہ - سال تخمینہ ۱۹۳۷ء ۱۹۳۸ء، دورانیہ تخمینہ ۱۹۳۶ - ۱۹۳۷ء اِس تخمینے میں سٹیٹ ہاؤس پراپرٹی سے ملنے والی پنشن، کتابوں سے ملنے والی رائلٹی، مطبوعات کی آمدنی اور دوسرے ذرائع شامل ہیں -

(نقل) تین صفحات


نمبر سلسلہ ع ام ۴۲۷/ ۱۹۷۷ء

۳ - (۶) خالی لفافہ :

جس پر علامہ اقبال کی اپنی تحریر ہے :" فہرست پارچہ جات والدہ جاوید اور فہرست زیورات والدہ، جو بینک میں ہیں اور منیرہ بیگم کی ملکیت ہیں -

نمبر سلسلہ ع ام ۴۲۸/ ۱۹۷۷ء

عکس : ۱۹



کرایہ نامہ بحق جاوید اقبال نابالغ سلمہ اللہ تعالیٰ

میں ڈاکٹر سر محمد اقبال بیرسٹر ایٹ لا لاہور کا ہوں اقرار کرتا ہوں
کہ میں متصرف منجملہ ایک عدد کوٹھی واقعہ میو روڈ لاہور ملکیتی
برخوردار جاوید اقبال نابالغ کے چار کمرہ جانب جنوب [illegible] روپیہ
